**23-03-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .........................اصغر علی

-------------------------------

**Music**

-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھوٹان کی قیادت کے ساتھ اُن کی بات چیت سے بھارت-بھوٹان دوستی کو مزید تقویت فراہم ہوگی۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اروناچل پردیش پر چین کے دعوے کو مضحکہ خیز قرار دیا۔

☆ ماسکو میں ہوئے دہشت گردانہ حملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 115 ہو گئی ہے۔

☆ IPL کرکٹ میں چنڈی گڑھ میں، پنجاب کنگز نے دلی کیپٹلس کو چار وکٹ سے ہرایا۔ دوسرے میچ میں کولکاتہ کے مقام پر، کولکاتہ نائٹ رائڈرس اور سن رائزرس حیدرآباد کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔

☆ اور سوئس اوپن بیڈمنٹن میں Basel کے مقام پر آج رات مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں، کیدامبی شری کانت کا مقابلہ چینی Taipei کے کھلاڑی Lin Chun-Yi کے ساتھ ہوگا۔

-------------------------------

**Music**

-------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**India Bhutan**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھوٹان کی قیادت کے ساتھ ان کی بات چیت سے بھارت-بھوٹان دوستی میں مزید تقویت فراہم ہوگی۔ جناب مودی نے بھوٹان کے اپنے دورے کو بیحد خصوصی قرار دیا کیونکہ انہیں بھوٹان کے بادشاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک کے علاوہ بھوٹان کے وزیراعظم شیرنگ Tobgay سے ملاقات کرنے کا موقع ملا۔ وہ بھوٹان کے اپنے دو روزہ سرکاری دورے کے بعد آج سہ پہر نئی دلی پہنچ گئے۔ ایک خصوصی خیرسگالی کے جذبے کے تحت، بھوٹان کے شاہ جگمے کھیسر نامگیال وانگ چُک نے وزیراعظم Tobgay کے ساتھ جناب مودی کو ہوائی اڈے پر گرمجوشی کے ساتھ الوداع کہا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھوٹان کے شاہ کے خصوصی

خیرسگالی کے جذبے سے وہ بے حد فخر محسوس کر رہے ہیں۔

انہوں نے Order of the Druk Gyalpo عطا کیے جانے پر بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے بھوٹان کے عوام کی گرمجوشی اور مہمان نوازی کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بھارت ہمیشہ بھوٹان کا ایک قابل اعتماد دوست اور ساجھیدار ملک رہے گا۔

اِس سے پہلے وزیراعظم مودی اور جناب Tobgay نے Thimphu میں Gyaltsuen Jetsun Pema مدر اینڈ چائلڈ اسپتال کا افتتاح کیا۔ جدید سہولتوں سے آراستہ یہ اسپتال بھارت سرکار کی مدد سے تعمیر کیا گیا ہے۔ بھارت نے 150 بستروں والے اس اسپتال کی مدد دو مرحلوں میں کی ہے۔ پہلا مرحلہ 22 کروڑ روپے کے اخراجات سے تعمیر کیا گیا تھا جو 2019 سے کام کر رہا ہے۔ دوسرے مرحلے کا کام 2019 میں شروع کیا گیا تھا جس پر 119 کروڑ روپے خرچ ہوئے ہیں اور اب یہ مکمل ہو گیا ہے۔ نئے تعمیر کردہ اسپتال سے بھوٹان میں ماؤں اور بچوں کی صحت خدمات کے معیار کو مزید بہتر بنایا جا سکے گا۔

کل وزیراعظم مودی نے بھوٹان کے لیے اگلے پانچ برس کے دوران دس ہزار کروڑ روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا تھا۔ بھوٹان کے لیے وزیراعظم کی اقتصادی امداد کے بارے میں جانکاری فراہم کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری ونے موہن کواترا نے کہا کہ اِس امداد میں بھوٹان کو اقتصادی ترقی فراہم کرنے والے پیکیج کے لیے بھارت کی حمایت بھی شامل ہے۔×

## Jaishankar Singapore

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج اروناچل پردیش پر چین کے دعوے کو مضحکہ خیز قرار دیا۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ اروناچل پردیش، بھارت کا اٹوٹ حصہ ہے اور یہ اِس لیے نہیں ہے کہ کوئی دوسرا ملک کہتا ہے کہ اروناچل پردیش بھارت کا حصہ ہے۔ سنگاپور میں انسٹی ٹیوٹ آف ساؤتھ ایشئن اسٹڈیز میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اس معاملے میں بھارت کا موقف بالکل واضح اور مستقل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کوئی نیا مسئلہ نہیں ہے۔ چین نے اس سے پہلے بھی دعوے کیے ہیں اور اپنے دعوؤں کو آگے بھی بڑھایا ہے۔

بھارت اور چین کی ترقی پر وزیرخارجہ نے کہا کہ دو ابھرتی ہوئی طاقتوں کے درمیان ایک پائیدار توازن تلاش کرنا ایک چیلنج ہے، جو اتفاق سے ہمسایہ ملک بھی ہیں اور جن کی تاریخ اور آبادی ایسی ہے جو انہیں باقی دنیا سے ممتاز بناتی ہے۔

پاکستان کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ بھارت کا مزاج اِس وقت دہشت گردی کو نظرانداز کرنے کا بالکل نہیں ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہر ملک ایک مستحکم ہمسایہ ملک چاہتا ہے، لیکن اِس سلسلے میں بھارت بدقسمت ثابت ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے پڑوسی ملک کے ساتھ نمٹنا واقعی ایک چیلنج ہے جو اِس حقیقت کو نہیں چھپاتا کہ وہ دہشت گردی کو ایک اہم آلۂ کار کے طور پر استعمال کرتا ہے۔

S/B - 2100 - Jai Shankar on Pakistan

ڈاکٹر جے شنکر سنگاپور کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ انہوں نے آج سہ پہر سنگا پور کی سرکردہ کارپوریٹ

شخصیات کے ساتھ بات چیت بھی کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب جے شنکر نے سرمایہ کاری کے تجربات پر مبنی بھارت کی ترقی کی کہانی پر اُن کے مثبت تاثرات کی تعریف کی۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ بھارت میں مزید کاروبار کرنے کے ان کے عزم میں مزید اضافہ ہوگا۔ ×

## MEA Germany

وزارت خارجہ نے آج نئی دلّی میں جرمنی کے ڈپٹی چیف آف مشن کو طلب کیا اور اُن سے جرمنی کے دفترِ خارجہ کے ترجمان کی جانب سے بھارت کے داخلی معاملات پر کی گئی رائے زنی پر پُر زور احتجاج کیا۔ اُن سے کہا گیا کہ بھارت اِس طرح کی رائے زنی کو عدالتی عمل میں مداخلت اور بھارت کے عدالتی نظام کی آزادی کو نقصان پہنچانے والی حرکت سمجھتا ہے۔

وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت ایک متحرک اور مضبوط جمہوریت ہے، جہاں قانون کی حکمرانی ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ دوسرے قانونی معاملات اور دنیا کے دوسرے جمہوری ملکوں کی طرح قانون اپنا کام کرتا رہے گا۔ اسے ایک غیرضروری اور متعصّبانہ مفروضہ قرار دیا گیا ہے۔x

## Court BRS Leader

دلی کی راوَز ایونیو عدالت نے، شراب پالیسی گھپلے سے منسلک کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں آج بھارت راشٹریہ سمیتی BRS کی رہنما کے۔کویتھا کی انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ ED کی تحویل میں اِس ماہ کی 26 تاریخ تک توسیع کر دی ہے۔ CBI کی خصوصی جج کاویری بویجا نے BRS لیڈر کو ED ریمانڈ کی معیاد ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیے جانے کے بعد یہ فیصلہ سنایا۔ مرکزی جانچ ایجنسی نے عدالت میں محترمہ کویتھا کے مزید پانچ دن کے ریمانڈ کا مطالبہ کیا تھا۔ یہ اقدام سپریم کورٹ کے ذریعے اِس کیس میں کے۔کویتھا کی ضمانت کی درخواست پر غور کرنے سے انکار کرنے کے ایک دن بعد سامنے آیا ہے۔ سپریم کورٹ نے اُن کی ضمانت کی درخواست پر غور کرنے سے انکار کر دیا تھا اور انہیں ٹرائل کورٹ جانے کو کہا تھا۔x

## J&K Election Related Helpline

آئندہ لوک سبھا انتخابات کے مدنظر جموں وکشمیر نے انتخابی عمل کے خوش اسلوبی سے انعقاد کیلئے کشمیر پولیس کنٹرول روم میں 24x7 ہیلپ لائن قائم کیا ہے۔ کشمیر زون پولیس نے کشمیر پولیس کنٹرول روم میں انتخابات کیلئے وقف 24x7 ہیلپ لائن ''آٹھ آٹھ، نو نو، آٹھ چھ آٹھ، پانچ آٹھ نو'' قائم کیا ہے۔ انتخابات سے متعلق کسی بھی معاملے کی وضاحت یا اطلاع کیلئے اب عام شہری اس نمبر پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ 24 گھنٹے کام کرنے والے ہیلپ لائن کا قیام انتخابی عمل میں پولیس کی معتبریت اور شفافیت کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔x

**Kashmir Election Training**

جنوبی کشمیر میں اننت ناگ ضلعے کے سات الگ الگ مقامات پر دوشفٹوں میں عام انتخابات کیلئے ملازموں کی ٹرینگ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈاکٹر ارشد احمد Salroo، جو خود ریاستی سطح کے ماسٹر ٹریز ہیں، کی سرپرستی میں الیکشن ماسٹر ٹریزس کے ذریعہ ٹرینگ دی گئی۔ ٹرینگ میں انتخابات سے پہلے اور انتخابات کے دن پولنگ اور پریزائیڈنگ افسران کی ذمے داری پر خاص توجہ مرکوز کی گئی۔ اس موقع پر ایک الیکٹرونک ووٹنگ مشین کی نمائش بھی کی گئی۔ عہدیداروں کو انتخابات کے دوران استعمال ہونے والے مختلف قانونی فارموں اور لفافوں کی ٹرینگ بھی دی گئی۔x

**Bihar Mira Kumar**

بہار میں کانگریس کی سینئر رہنما اور لوک سبھا کی سابق اسپیکر میرا کمار نے آج اعلان کیا کہ وہ اس دفعہ لوک سبھا کا چناؤ نہیں لڑیں گی۔ پانچ دفعہ رکن پارلیمنٹ رہ چکی میرا کمار نے کئی دفعہ ساسارام پارلیمانی حلقے کی نمائندگی کی ہے۔ سابق لوک سبھا اسپیکر نے اپنے سرکاری سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنے فیصلے کا اعلان کیا۔ خبروں کے مطابق محترمہ کمار بہار میں اپوزیشن عظیم اتحاد میں سیٹوں کی تقسیم کے تناظر میں موجودہ حالات سے خوش نہیں تھیں۔x

**WB DM**

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال کے چار ضلعوں میں چار ضلع مجسٹریٹوں کی تقرری کی ہے۔ محترمہ Joyoshi Das Gupta (IAS) کو مشرقی مدنی پور، محترمہ Moumita Godara Basu (IAS) کو جھرگرام، محترمہ K. Radhika Aiyar (IAS) کو مشرقی بردوان اور جناب ششانک سیٹھی ( IAS) کو بیربھوم کا ضلع مجسٹریٹ مقرر کیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے انتخابی کمیشن نے مذکورہ ضلعوں کے ضلع مجسٹریٹوں کا تبادلہ کر دیا تھا۔ کیونکہ وہ لوگ IAS کیڈر سے تعلق نہیں رکھتے ہیں۔x

**Russia KIlled**

بین الاقوامی برادری نے روس میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی مذمت کی ہے۔ اِس دہشت گردانہ حملے میں 115 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس نے ماسکو میں Crocus سٹی ہال پر کل رات ہوئے دہشت گردانہ حملے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اِس حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے تمام ریاستوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ روسی فیڈریشن کی حکومت کے ساتھ ساتھ دیگر تمام متعلقہ حکام کے ساتھ سرگرم تعاون کریں تا کہ دہشت گردانہ حملے کے ذمہ دار افراد کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جا سکے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے ماسکو کنسرٹ میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ امریکہ، یوروپی یونین، برطانیہ، فرانس، اسپین اور متحدہ عرب امارات نے بھی اس حملے پر صدمے کا اظہار کیا ہے۔

فرانس کے صدر Emmanuel Macron نے متاثرین، اُن کے عزیزوں اور تمام روسی عوام کے ساتھ اپنے ملک کی جانب سے یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ اسپین نے کہا ہے کہ اُسے ماسکو میں ہونے والے حملے سے کافی

صدمہ پہنچا ہے، جبکہ اٹلی کی وزیراعظم جورجیا Meloni نے کہا ہے کہ یہ دہشت گردی کا گھناؤنا عمل ہے۔ انہوں نے متاثرہ افراد اور متاثرہ کنبوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ دولت اسلامیہ خراسان ISIS-K نے کنسرٹ کے مقام پر اِس حملے کی ذمہ داری قبول کی ہے۔ روس نے کہا ہے کہ فائرنگ کے واقعے کے سلسلے میں چار مشتبہ بندوق برداروں سمیت گیارہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ روس کی تحقیقاتی کمیٹی نے کہا ہے کہ حملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 115 ہو گئی ہے۔

اس واقعے میں، بہروپیے کی شکل میں بندوق برداروں نے خودکار ہتھیاروں سے لوگوں پر فائرنگ کر دی۔ تحقیقاتی کمیٹی نے مزید کہا کہ مہلوکین کی تعداد میں اضافہ ہونے کا خدشہ ہے۔صحت کے حکام نے بتایا ہے کہ 120 سے زیادہ افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔x

## Prez TB Day

تپ دِق کے عالمی دن کے موقع پر آج صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عوام سے مل کر کام کرنے اور ملک کو تپ دِق سے آزاد بنانے پر زور دیا۔ ملک کے نام اپنے ایک پیغام میں صدر جمہوریہ نے تپ دِق سے متعلق بیداری لانے کیلئے ہر سال 24 مارچ کو تپ دق کا عالمی دن منانے پر خوشی کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ دن لوگوں میں بیداری لاکر اسے کنٹرول کرنے اور اس کی روک تھام کی کوششوں میں معاون ثابت ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ یہ دن ہم سب کو تپ دِق کا پتہ لگانے، اس کے علاج اور پرہیز کرنے کی یاد دلاتا ہے۔x

## Delhi Metro Holi

ہولی کے تہوار کے پیش نظر 25 مارچ کو دہلی میٹرو کی تمام لائنیں بشمول ریپڈ میٹرو اور ایئرپورٹ ایکسپریس لائن پر، میٹرو خدمات دوپہر دو بجکر 30 منٹ تک دستیاب نہیں ہوں گی۔

دہلی میٹرو ریل کارپوریشن کے مطابق، یہ خدمات تمام لائنوں اور ٹرمنل اسٹیشنوں پر دوپہر دو بجکر 30 منٹ سے دوبارہ شروع ہوجائیں گی اور اس کے بعد معمول کے مطابق جاری رہیں گی۔x

## Punjab Spurious Liquor Death Toll

پنجاب میں سنگرور ضلعے کے متعدد گاؤں میں زہریلی شراب پینے سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 21 ہو گئی ہے، جبکہ 20 سے زیادہ لوگ اسپتال میں بھرتی ہیں، جن میں سے کچھ افراد کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ بھارت کے انتخابی کمیشن نے اِس واقعے کے سلسلے میں پنجاب کے چیف الیکٹورل آفیسرز کے ذریعے ریاست کے چیف سکریٹری اور DGP سے رپورٹ طلب کی ہے۔ اِسی دوران پورے گٹھ جوڑ کا پردہ فاش کرنے کے لیے ریاستی پولیس نے چار رُکنی ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی ہے جس کی سربراہی ADGP، قانون و انتظام گریندر سنگھ ڈھلّن کریں گے تاکہ آگے اور پیچھے کے تمام رابطوں کا پتہ لگانے کے لیے پیشہ ورانہ انداز میں اس گٹھ جوڑ کی نگرانی کی جاسکے۔

اِس واقعے کے سلسلے میں تین FIR درج کی جا چکی ہے۔ پولیس نے اب تک 8 لوگوں کو گرفتار کیا ہے۔ x

## Srinagar Tulip Garden

وادیٔ کشمیر میں Tulip گارڈن، جو ایشیا کے سب سے بڑے باغات میں سے ایک ہے، آج سرکاری طور پر عوام کیلئے کھول دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق رواں سال یہ باغ مختلف اقسام کے 17 لاکھ پھولوں سے سجا رہے گا۔ جس میں اِس سال پھولوں کی پانچ نئی اقسام بھی ہیں۔

یہ خوبصورت باغ، زبروان پہاڑی سلسلے کے دامن میں دنیا کی مشہور ڈل جھیل کے کنارے واقع ہے۔ اِس میں سرخ، زرد اور گلابی رنگوں کے جَلد اور دیر سے کھِلنے والے Tulip بلب کی متعدد اقسام ہیں۔

اِس سال، باغ میں Tulip کی پانچ نئی قسموں کا شاندار اضافہ کیا گیا ہے جس سے مجموعی طور پر کُل 68 اقسام ہوگئی ہیں۔

Tulip کے علاوہ زائرین موسم بہار کے دیگر پھولوں جیسے Hyacinths، Daffodils، Muscari اور Cyclamens بھی دیکھ سکتے ہیں جو نمائش میں پھولوں کی خوبصورتی میں اضافے کا باعث ہیں۔x

## IPL Rusult Take Latest Score

انڈین پریمیر لیگ کے میچ میں پنجاب کنگز نے چنڈی گڑھ میں کھیلے گئے میچ میں ڈیلہی کیپٹلس کو چار وکٹ سے شکست دے دی ہے۔ پنجاب کنگز کی ٹیم نے 175 رنوں کا ہدف آج شام 19 اعشاریہ دو اوورس میں چھ وکٹ پر 177 رن بناکر حاصل کرلیا۔ سیم کرن نے 47 گیندوں پر 63 رنوں کی شاندار اننگز کھیلی، جبکہ Liam Livingstone نے ناقابل شکست 38 رن بنائے۔

اِس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ڈیلہی کیپٹلس نے مقررہ 20 اوورس میں 174 رن بنائے۔

کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں کھیلے جارہے ایک دوسرے میچ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے سن رائزرس حیدرآباد کے سامنے جیت کیلئے 209 رنوں کا ہدف رکھا ہے۔x

## Badminton

بیڈمنٹن میں بھارت کے کدامبی سری کانت کا مقابلہ آج رات Basel میں سوئس اوپن کے مردوں کے سنگلز سیمی فائنل میں چین کی Lin-Chun-Yi سے ہوگا۔

کل رات کوارٹر فائنل میچ میں سری کانت نے چینی تاپئے Lee-Chia-hao کو شکست دی تھی۔x

☆☆☆☆☆☆☆